Funded by the European Union

Government of Sindh

unicef for every child

# Teacher Training Module:

# Urdu

## Learning Cycle Twenty

"سوالات و آزمائش"

Sindh Technical Assistance – Development through Enhanced Education Programme (STA-DEEP)



THE AGA KHAN UNIVERSITY

School Education & Literacy Department (SE&LD)

Government of Sindh

## Introduction and Rationale of the Training

### محترم اساتذہ!

محکمہ تعلیم اسکول و خواندگی (SL & ED) حکومت سندھ، مسلسل پیشہ ورانہ تربیت (CPD) کے پروگرام برائے اساتذہ میں آپ کو خوش آمدید کہتا ہے۔ مسلسل پیشہ ورانہ تربیت (CPD) کا یہ پروگرام برائے اساتذہ حب اسکول کلسٹر کی بنیاد پر تشکیل دیا گیا ہے۔ جو اسکول کلسٹرنگ پالیسی (نظر ثانی شدہ) 2021 اور CPD ماڈل 2022 کے تحت منعقد کیا جا رہا ہے ۔
متن و مواد (Content) کی بنیاد پر تعلیمی سلسلوں (Content -Based Learning Cycles) کا یہ مرحلہ 11 سے 20 تعلیمی سلسلوں (Learning Cycles) پر مشتمل جو متن و مواد (Content) پر مبنی کمرہ جماعت کی تدریس کے حوالے سے آپ کی معلومات و مہارات میں مزید اضافے کے لیے تشکیل دیا گیا ہے۔ ابتدائی 10 سلسلے (Learning Cycles) طریقہ ہائے تدریس میں بہتری پر مرکوز تھے تاکہ طلبہ کے لیے کمرہ جماعت کو دروں فعال (Interactive) شراکتی (Participative) اور پُر لطف بنایا جا سکے۔ تعلیمی سلسلے (Learning Cycles) نمبر 11 سے 20 ریاضی، سائنس، انگریزی، اردو اور سندھی کے مضامین میں جماعت اول تا ہشتم کے طلبہ کو کمرہ جماعت کا ایک منظّم طریقہ کار فراہم کریں گے جو جدید تدریسی تدابیر اور مذکورہ مضامین کی مؤثر معلومات سے پُر ہو گا۔

### ہمارا نصب العین

CDP پروگرام سندھ بھر کے اسکولوں میں تدریسی عمل کو بہتر بنانے کی کی جانب مرتکز ہے. تاکہ طلبہ متحرک، مل جل کر سیکھنے والے، تدریسی عمل میں درپیش مسائل حل کرنے والے اور باریک بین بن سکیں۔ اور جو تفویض کردہ کاموں کو پر اعتماد اور تخلیقی انداز میں انجام دے سکیں۔ یہ تعلیمی سلسلے (Content-Based Learning Cycles) طلبہ کو مضامین کی معلومات واضح طور پر سمجھنے اور حاصل شدہ اس معلومات و مہارات اپنے اردگرد کی دنیا سے مربوط کرنے میں معاون ثابت ہوں گے۔
اس امر کو یقینی بنانے کے لیے اساتذہ کو طریقہ ہائے تدریس اور متعلقہ مضامین کی معلومات کو کمرہ جماعت میں استعمال کے لیے بہتر طور پر تیار کرنا انتہائی ضروری ہے۔ مزید یہ کہ یہ پروگرام اسکول حب اسکول کلسٹر کے ذریعے اردگرد اسکولوں کے اساتذہ کی سطح پر خصوصی تربیت فراہم کرے گا جو مؤثر انداز میں طلبہ کے تعلمی حاصلات (learning outcomes) میں واضح اضافے کا سبب بنے گا۔

## ہمارا فلسفہء تدریس

CPD کی تربیتی نشستیں، بہ شمول ہٰذا، شراکتی تدریسی فلسفے سے منسلک ہیں۔ یہ طریقہ مل جل کر سیکھنے کے عمل میں شرکا کی سرگرم شرکت کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ جو خود انعکاسی (self - Reflecting) اور "ہم رتبہ انعکاسی" کرتے ہوئے مشق و عمل کرنے (Peer Reflection ) والوں کا ایک حلقہ تخلیق کرتا ہے۔

اس پروگرام کا مقصد تدریسی عمل میں اضافہ کیا جائے، مضامین کے مواد و معلومات کی تفہیم کو فروغ دیا جائے اور ایسی تدابیر وضع کی جائیں جو ہمیں اُس منزلِ مقصود اور نصب العین تک رسائی دے گی جہاں طلبہ سیکھے گئے تصوّرات اور حاصل کردہ معلومات کو اپنی روزمرہ زندگی میں بھرپور اعتماد اور مکمل دسترس کے ساتھ استعمال کر سکیں گے۔

## آن لائن CPD پورٹل برائے اساتذہ

ماہرین سے سوالات کرنے، تبادلۂ خیالات اور ان تعلیمی سلسلوں (Learning Cycles) کو منعقد کرنے میں اپنے تجربات اور مشکلات بیان کرنے کی غرض سے اساتذہ کے لیے آن لائن پورٹل تشکیل دیا گیا ہے۔ https://stadeep-cpd.com/

**نوٹ:** تعلیمی سلسلے (Learning cycles ) محکمہ تعلیم اسکول وخواندگی (SL & ED) حکومتِ سندھ کے اشتراک سے تشکیل دیے گئے ہیں۔ جن میں پائٹ اور اسٹیڈا (STEDA-PITE) کے زیرِ نگرانی اردو کا منظور شدہ نصاب ودرسی کتب برائے جماعت اوّل تا ہشتم پیش نظر رکھی گئی ہیں۔ اردو درسی کتاب برائے اوّل تا ہشتم بہ طور حوالہ تعلیمی سلسلوں (Learning Cycle) میں استعمال کی گئی ہیں۔

## اظہارِ تشکّر

یہ کتابچہ پروونشل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیچر ایجوکیشن (PITE) کی ہدایت کی روشنی میں آئی بی اے سکھر یونی ورسٹی (Sukkur IBA University)اور آغا خان یونی ورسٹی انسٹی ٹیوٹ فار ایجوکیشنل ڈویلپمینٹ (AKU-IED)نے تشکیل و ترتیب دیا گیاہے۔اس عمل میں یونیسف(UNICEF) نے STA-DEEP کے تحت تکنیکی معاونت کی ہے۔نیز اس کی تشکیل میں یورپی یونین (European Union) نے مالی معاونت فراہم کی ہے۔

**ہم درج ذیل معاونین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں:**

| | |
|---|---|
| جناب سید رسول بخش شاہ | ایگزیکیوٹو ڈائریکٹر، سندھ ٹیچرز ایجوکیشن ڈولپمنٹ اتھارٹی(STEDA)کراچی |
| محترمہ نصرت فاطمہ کلہوڑو | ڈائریکٹر جنرل پروونشل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیچر ایجوکیشن (PIET)شہید بے نظیر آباد |
| جناب عنایت اللہ شیخ | ایڈیشنل ڈائریکٹر،ڈائریکٹوریٹ آف ٹیچرز ٹریننگ انسٹیٹیوٹ سندھ، حیدرآباد |
| جناب ڈاکٹر الطاف حسین سموں | ڈائریکٹر ایگزیکیوٹو ڈولپمنٹ سینٹر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی، سکھر |
| جناب ڈاکٹر تکبیر علی | ایسو سی ایٹ پروفیسر اینڈ ڈائریکٹر آؤٹ ریچ، آغا خان یونی ورسٹی، کراچی |
| جناب عبدالمجید بھُرٹ | ڈائریکٹر،ڈائریکٹوریٹ آف کریکولم،اسسمنٹ اینڈ ریسرچ،جام شورو |
| جناب پروفیسر محمد وسیم مغل | پرنسپل گورنمنٹ ایلی مینٹری کالج آف ایجوکیشن (وومین)،میرپور خاص |
| جناب اللہ نواز عامر چنا | سینئر انسٹرکٹر، پائٹ سندھ، نواب شاہ |

| | |
|---|---|
| جناب محمد سُہیل شیخ | موڈیول ڈیویلپر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| جناب سید کامران شاہ | پروجیکٹ کو آرڈینیٹر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| محترمہ رابعہ بتول | پروجیکٹ مینیجر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| محترمہ عبیر مقبول | ایجو کیشن مینیجر، یونیسیف |
| جناب آصف ابرار | ایجو کیشن اسپیشلسٹ، یونیسیف |
| جناب ڈاکٹر پرویز پیرزادو | ایجو کیشن آفیسر، یونیسیف |
| جناب آفتاب احمد نظامانی | نیشنل ٹیچرز پروفیشنل ڈویلپمنٹ کنسلٹنٹ، یونیسیف |

# مہارت "سوالات و آزمائش"


**حاصلاتِ تعلم:** اس تربیتی نشست کے اختتام پر شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ:




- امتحان سوالات اور آزمایش کے اصول و اقسام بیان کر سکیں گے۔
- سوالات کی اقسام کا احاطہ کر سکیں گے۔
- سوالات کی مختلف اقسام کا تجزیہ کرتے ہوئے نئے سوالات تشکیل دے سکیں۔
- آزمایش و اقسام سوالات کی حاصل شدہ معلومات پر اپنے خیالات و تاثرات بیان کریں گے۔

## Session Plan یومیہ کارروائی

Instructional strategies/activities درسی تدابیر / سرگرمیاں

| Materials/resources<br>درکار اشیاء | Activities/learning experiences<br>سرگرمیاں | Objective/purpose of the activity<br>سرگرمی کے مقاصد | Time<br>وقت |
| --- | --- | --- | --- |
|  | **ذہنی آمادگی**<br>• تختۂ تحریر پر درج ذیل سوال لکھیے اور اس کے گرد دائرہ بنائیے۔<br>"کیا سوالات کے ذریعے علم کو بڑھایا جاسکتا ہے؟"<br>• شرکا سے کہیے درج بالا سوال کا جواب دیں۔<br>• شرکا کے جوابات دائرے کے ارد گرد لکھتے جائیے۔<br>• شرکا کے جوابات کو بنیاد بناتے ہوئے اس سوال سے متعلق کچھ اپنی معلومات فراہم کیجیے۔<br>"سوالات ایک اہم تدریسی تدبیر ہے جس سے استاد تدریس کے ہر مرحلے پر ہر مقصد کے لیے کام لے سکتا ہے۔ البتہ اس طرح کے سوالات کا ایک مربوط سلسلہ مرتب کرے کرنے کے لیے خاص فکر سے کام لینا پڑتا ہے اس لیے کہ اچھے سوالات تیار کرنا بھی ایک فن ہے۔<br>سوال کو تدریس کی پہلی اور آخری منزل قرار دیا جاتا ہے۔ سقراط سے جب بھی کسی مسئلے کے بارے میں پوچھا جاتا تو وہ مسئلہ پوچھنے والے سے ہی سوالات پوچھنا شروع کر دیتے اس کے سوالات ایسے متعین اور مربوط ہوتے تھے کہ سائل اپنے ہی جوابات پر غور کرنے لگتا اور رفتہ رفتہ اس کے مسئلے کے حل کی طرف اس کی اپنی رسائی شروع ہو جاتی۔<br>اردو میں امتحانی پرچہ بنانا سوالات کرنا اور جماعت میں سب سوالات کے اشارات واضح کرنا ٹیڑھا پیچیدہ اور مشکل کام رہا ہے۔" | سوالات کی اہمیت اور افادیت بیان کرنا۔<br><br> | <br>15 mins |

| | | | |
|---|---|---|---|
| <br><br> | **گروہی سرگرمی (Group Activity)**<br>( شرکا کو چار گروہوں میں تقسیم کیجیے اور اُن کو ایک سے چار تک نمبر تفویض کیجیے۔ ان سے کہیے کہ "سوالات کے گروہوں اور اچھے سوال کی خصوصیات" پر مبنی ہینڈ آؤٹ پڑھیں، سمجھیں۔ دس منٹ بعد تمام شرکاء کو متوجہ کریں اور تختۂ تحریر پر درج ذیل چار سوالات گروہوں کو تفویض کریں اوران سے کہیں کہ اپنی تفہیم پر مبنی چارٹ تیار کر کے کلاس میں پیش کریں۔<br>گروپ نمبر 1 — سوال 1۔ تدریسی سوالات تیار کرتے وقت ایک استاد کو کن امور کا خیال رکھنا چاہیے؟<br>گروپ نمبر 2 — سوال 2۔ امتحانی سوالات مرتب کرتے وقت کن کن امور کو ملحوظِ خاطر رکھنا چاہیے؟<br>گروپ نمبر 3 — سوال 3۔ ایک تحریر میں ایک اچھے سوال کی کیا خصوصیات ہوں گی؟<br>گروپ نمبر 4 — سوال 4۔ اردو کا پرچہ بناتے وقت سوالات کی کون کون سی اقسام کا احاطہ کرنا چاہیے؟ | • امتحانی و تدریسی سوالات کی اقسام و خصوصیات بیان کرنا۔<br> | <br>20 Mins |
| | **BREAK** | | 10 mins |
|  | **گروہی پیش کش 1 (Group Presentation)**<br>تمام گروہوں (Groups) کی باری باری پیش کش کرائیے اور ہر پیش کش کے بعد اپنی تعمیری بازرسی (Constructive Feedback) فراہم کیجیے۔ | • امتحانی و تدریسی سوالات کی اقسام و خصوصیات بیان کرنا۔ | <br>10 Mins |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 15 min | • آزمائش کی تعریف و افادیت بیان کرنا۔<br> | **گروہی سرگرمی (Group Activity)**<br>• تختۂ تحریر پر درج ذیل سوالات لکھیے اور اس کے گرد دائرہ بنائیے۔<br>سوال 1 "آزمائش سے کیا مراد ہے؟" سوال 2 "آپ اپنی کلاس میں کون کون سے طریقے سے آزمائش کرتے ہیں"<br>• شرکا سے کہیے درج بالا سوالات کا جواب دیں۔<br>• شرکا کے جوابات تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔<br>• شرکا کے جوابات کو بنیاد بناتے ہوئے اس سوال سے متعلق کچھ اپنی معلومات فراہم کیجیے۔<br>**آزمائش**<br>بقول کلفٹن چیز "آزمائش وہ طریقۂ کار ہے جس کے ذریعے کسی کی کارکردگی کا ایک مقررہ معیار کے ساتھ موازنہ کیا جائے"۔<br>یہ پیمائش کی ایک قسم ہے جس میں طلبہ کے معیار مقرر کیے جاتے ہیں۔ آزمائش تعلیمی مقاصد کو جانچنے کا ایک ذریعہ ہے کہ طلبہ نے کیا پڑھا ہے؟ طلبہ کی قوتوں اور کمزوریوں کا پتہ چلتا ہے۔ آزمائش اس لیے بھی کی جاتی ہے کہ تاکہ طلبہ، اساتذہ اور تعلیمی ادارے کی کارکردگی کا جائزہ لیا جا سکے۔ |  |
| 20mins | • آزمائش و سوالات کی تعریف و افادیت پیش کرنا۔ | **گروہی سرگرمی (Group Activity)**<br>شرکا کو چھ گروہوں میں تقسیم کیجیے اور اُن کو ایک سے چھ تک نمبر تفویض کیجیے۔ ان سے کہیے کہ "آزمائشی سوال نامہ" پر مبنی ہینڈ آوٹ پڑھیں، سمجھیں اور تفویض کردہ درسی کتب کی مدد سے آزمائشی سوالات کی اقسام کا آزمائشی سوال نامہ تیار کر کے کلاس میں پیش کریں۔ | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | گروپ نمبر 1: کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) اردو کی پانچویں درسی کتاب کے ابتدائی 5 اسباق سے<br>گروپ نمبر 2: خالی جگہیں پُر کیجیے۔(Fill in the Blanks) اردو چوتھی کتاب کے ابتدائی 5 اسباق سے<br>گروپ نمبر 3: صحیح / غلط (True/False) اردو کی تیسری کتاب کے ابتدائی 5 اسباق سے<br>گروپ نمبر 4: مختصر جواب کے سوالات (CRQs) اردو کی چھٹی کتاب کے ابتدائی 5 اسباق سے | | درسی کتب کے ستون پر سوالات کی مختلف اقسام کا احاطہ کرتے ہوئے معیاری سوال نامے تشکیل دینا۔ | |
| | **گروہی پیش کش (Group Presentation)**<br>تمام گروہوں (Groups) کی باری باری پیش کش کرائیے اور ہر پیش کش کے بعد اپنی تعمیری بازرسی (Constructive Feedback) فراہم کیجیے۔ |  | | 10 min |
| | **اختتامی سرگرمی**<br>سوال جواب پر مبنی ایک کُل جماعتی بحث (whole class discussion) منعقد کیجیے اور اہم نکات کا احاطہ کرتے ہوئے تربیتی نشست کا اختتام کر دیجیے۔ |  | | 20mins |

# سوالات کے گروہ اور اچھے سوال کی خصوصیات

## سوالات کو ہم دو بڑے گروہوں میں تقسیم کرتے ہیں

تدریس کے دوران کے سوالات میں درج ذیل امور کا خیال رکھیں:

1) طلبہ کی سابقہ معلومات کا جائزہ لینے کے لیے
2) خواندہ اسباق سے ربط قائم کرنے کے لیے
3) کسی اہم نقطے پر طلبہ کی توجہ مبذول کرانے کے لیے
4) طلبہ کو اپنے مشاہدے تجربے خیال اور احساس یا اپنی رائے کے اظہار کے لیے
5) طلبہ کو اپنی غلطی پر غور کرنے اصلاح کی طرف توجہ دلانے کے لیے۔

## جزوی یا کلی اعادہ یا جائزے کے لیے

(الف) استاد کو زیرِ تدریس مواد پر دسترس حاصل ہو۔

(ب) سوالات کا مقصد متعین کر لیا جائے۔

(ج) ممکنہ جواب کو ذہن میں رکھتے ہوئے سوالات مرتب کیے جائیں۔

(د) سوالات کی عبارت پر غور کریں تا کہ اس کا ایک واضح مفہوم ظاہر ہو۔

(ہ) بے موقع اور غیر ضروری سوالات سے پرہیز کیا جائے۔

## امتحانی سوالات

(الف)سوالات سارے نصاب پر حاوی ہوں کہ طلبہ میں درسی کتب کے چند مخصوص حصے پڑھ کر رٹنے کا رجحان پیدا نہ ہو۔

(ب)اساتذہ کا فرض ہے کہ وہ درسی کتب کے علاوہ اس درجے کے نصاب بالخصوص مقاصد تدریس کو بھی ذہن میں رکھیں۔

(ج)سوالات کی عبارت سادہ واضح اور متعین ہو۔

(د)وقت کو ذہن میں رکھتے ہوئے سوالات تشکیل دیئے جائیں تاکہ مقررہ وقت میں طلبہ سوالات کے جوابات دے سکیں۔

(ہ)پرچے کا کچھ حصہ معروضی سوالات پر مشتمل ہونا چاہیے اور

معروضی سوالات کی مختلف اقسام مثلاً غلط صحیح، جملہ مکمل کریں، کالم ملانا وغیرہ

## اچھے سوالات کی خصوصیات

1) سوال کو سادہ ہونا چاہیے یعنی عبارت سادہ، مختصر اور واضح ہو۔

2) سوال طے شدہ اور متعین جواب کی طرف رہ نمائی کرے۔

3) سوال غور و فکر پر آمادہ کرے۔

4) ایک سوال میں ایک بات پوچھی جائے۔

## سوال پوچھنے کے کچھ بنیادی اصول

1) سوال تمام طلبہ سے کیے جائیں جواب چند طلبہ سے لیا جائے۔

2) اگر طلبہ سوال سمجھ نہ پائیں تو الفاظ یا عبارت بدل کر سوال پوچھا جائے۔

3) ایسا سوال کیا جائے کہ طالب علم اپنی اصلاح کی خود سعی کریں۔

4) طلبہ کو بھی سوال پوچھنے کی نہ صرف اجازت دی جائے بلکہ ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

5) غلط سوال پر طلبہ کا مذاق نہ اڑائیں بلکہ ہمدردانہ اصلاح کی جائے۔

6) طلبہ کو سوال کا جواب دیئے یا اس میں ردوبدل کرنے کا وقت دیا جائے۔

## آزمائشی سوال نامہ

ایک طالب علم کی قابلیت کو جانچنے کے لیے مواد سے متعلق سوالات پر مبنی آزمائشی سوال نامہ کہلاتا ہے۔

## آزمائشی سوالات کی اقسام

1) کثیر الانتخابی سوالات MCQs
2) خالی جگہیں پُر کریں۔ Fill in the Blanks
3) صحیح / غلط True/ False
4) ڈرائنگ اینڈ لیبلنگ drawing & Labeling
5) میچنگ Matching
6) مختصر جواب والے سوالات CRQs
7) طویل جواب والے سوالات ERQs

### کثیر الانتخابی سوالات MCQs

کثیر الانتخابی سوال میں ایک مسئلہ بیان کیا جاتا ہے۔ اور بچے سے پوچھا جاتا ہے کہ وہ دیے گئے ممکنہ جوابات (Options) میں سے درست جواب کا انتخاب کریں۔ دیے گئے ممکنہ جوابات (Options) میں سے ایک درست جواب باقی دو یا تین توجہ ہٹانے والے (Distractors) ہوتے ہیں اس عمل میں بچہ اپنا ذہن استعمال کرتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کرتا ہے۔ کثیر الانتخابی سوالات نصاب کے بڑے حصے کا احاطہ کرتا ہے اور ہمہ جہت وو سیع نظر (Versatile) ہوتا ہے۔ اگر کسی طالب علم کا خط یا لکھائی بہتر نہیں تو اس کے لیے یہ بہت بہترین ہے۔ ممتحن کے لیے انھیں جانچنا بھی آسان ہوتا ہے۔

### مختصر جواب والے سوالات CRQs

بچے کی معلومات و حاصلات جانچنے کے لیے مختصر جواب والے سوالات تشکیل ہیں۔ یہ طلبہ کی معلومات، تفہیم اور اخلاقی اہلیت (Knowledge , Understanding اور Application) کو جانچنے کا ایک بہترین آزمایشی طریقہ ہے۔ CRQs میں جائزے کے ایسے سوالات ہوتے ہیں جن میں طلبہ اپنی مہارت اور تنقیدی سوچ کی صلاحیتوں سے حقیقی طور پر آگاہ ہوتے ہیں۔ CRQs نام ہی اسی وجہ سے ہے کہ اس میں جواب دینے کے لیے مختلف طریقے استعمال کیے جاتے ہیں۔ اور طالب علم اپنے علم اور تجربے سے جواب دیتا ہے۔ اس میں رٹنے اور بے سوچے سمجھے جواب دینے کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے۔

### طویل جواب والے سوالات (ERQs)

اس میں طالب علم کو تفصیلی جواب لکھنے کے لیے کہا جاتا ہے۔ اور طالب علم کو اپنے خیالات، احساسات اور جذبات کے اظہار کا کُھل کر موقع دیا جاتا ہے تاکہ وہ سوال کے ہر پہلو کا وسیع تر انداز میں احاطہ کر سکے اور کُھل کر اپنی رائے کا اظہار کر سکے۔ ایسے جوابات کا جائزہ لینے کے لیے Rubric کا استعمال کیا جاتا ہے۔

## For Reference: لرننگ سائیکل کی فہرست برائے حوالہ

| لرننگ سائیکل | عنوانات |
|---|---|
| 1 | سننا |
| 2 | بولنا |
| 3 | پڑھنا |
| 4 | پڑھنا |
| 5 | لکھنا |
| 6 | زبان شناسی |
| 7 | تقریر |
| 8 | تنقید و استحسان |
| 9 | تخلیقی تحریر |
| 10 | مہارات حیات |
| 11 | اوصافِ خوش خوانی |
| 12 | اقسام الفاظ |
| 13 | تدریسِ املا و خوش خطی |
| 14 | تدریسی معاونات و سرگرمیاں |
| 15 | تدریسِ نظم |
| 16 | تدریسِ مطالعہ |
| 17 | تدریسِ مضمون نویسی |
| 18 | تدریسِ اردو بہ ذریعۂ کھیل |
| 19 | تدریسِ اردو میں ٹیکنالوجی کا استعمال |
| 20 | سوالات و آزمائش |

**Contact email address:**
kamranshah@iba-suk.edu.com

**School Education & Literacy Department (SE&LD)**

**Government of Sindh**